بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ذو الفواضل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار فضائل والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

قالت عاتکة بنت عبد المطلبؓ
" فَعَلَيْكَ رَحْمَةُ رَبِّنَا وَسَلَامُه
يَا ذَاالْفَوَاضِلِ وَالنَّدَى وَالسُّوْدَدِ "
(الطبقات الکبری لابن سعد ج ۸ ص ۳۲)

حضرت عاتکہ بنت عبد المطلبؓ نے فرمایا تجھ پر ہمارے ربّ کی رحمتیں اور سلام ہوں اے فضلوں والے مجلسوں والے سردار۔

عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ ان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم دخل على بلال رضی اللہ عنہ فوجد عنده صبرا من تمر فقال ما هذا يا بلال ؟ قال تمر ادّخره قال ويحك يا بلال اوما تخاف ان تكون له بخار فی النّار - انفق بلال ولا تخش من ذی العرش اقلالا -
(رواہ البیہقی ۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۵۴)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ حضرت بلالؓ کے ہاں تشریف لے گئے تو انکے آگے کھجوروں کا ڈھیر پایا۔ آپؐ نے فرمایا بلال یہ کیا ہے؟ بلال بولے کہ یہ کھجوریں ہیں جن کو میں نے ذخیرہ کیا ہے آپؐ نے فرمایا بلال تجھے افسوس، تجھے یہ خوف نہیں کہ یہ ذخیرہ دوزخ میں سمندر نہ بن جائے۔ بلال خرچ کر اور عرش والے سے قلّت کا خوف مت کھا